۱۔ ضرورت پر مبنی سرگرمیاں

(الف) تہذیب اور عملی دنیا کی پہچان

۱ء۱ بارش

آئے آئے بادل آئے
چاروں طرف سے گھر کر چھائے

ہلکی ہلکی پھوار پڑے گی
بارش موسلا دھار پڑے گی

بہہ نکلیں گے سب پرنالے
بھر جائیں گے ندّی نالے

پتّا پتّا دُھل جائے گا
رنگ بھی سب کا کُھل جائے گا

بارش کا پھر لُطف آئے گا
ہر کوئی یہ گیت گائے گا
ہر کوئی یہ گیت گائے گا

میری سرگرمی

حرکات وسکنات کے ساتھ بڑ بڑ گیت گاؤ۔

اخبارات، رسائل سے نیز خود ساختہ بڑ بڑ گیت جمع کریں۔ طلبہ سے مناسب ادائیگی کے ساتھ کہلوائیں۔ تلفظ (ادائیگی) واضح ہو۔ موقع کے لحاظ سے بڑ بڑ گیت گانے کی ترغیب دیں۔

۲ء۱ عملی دنیا

تصاویر دِکھا کر آس پاس کی مختلف صنعتوں کی معلومات دیں۔ تصاویر کی وضاحت کرائیں۔

۳ء۱ آس پاس کی پہچان



تصاویر کا مشاہدہ کرا کر وضاحت کرنے کے لیے کہیں۔ اطراف کی سبزی منڈی، دکانیں، اسکول، اسپتال وغیرہ کی سیر کرا کے جماعت میں آزادانہ گفتگو کرائیں۔

۴ء۱ جماعت کی سجاوٹ (تزئین)

تمھیں کون سی جماعت پسند آئے گی؟ اس کے نیچے ✓ کا نشان بناؤ۔





جماعت کی سجاوٹ کے لیے میرے استعمال کردہ وسائل





میری سرگرمی

جماعت کی سجاوٹ میں یہ وسائل بھی استعمال کیے جا سکتے ہیں۔ تصویریں چپکاؤ۔

دونوں تصویروں کا موازنہ کرائیں۔ جماعت کی سجاوٹ کرتے ہوئے دیواروں پر اور آنگن، زینے، کھڑکیوں میں اشیا کو کس طرح رکھا گیا ہے، اس بارے میں گفتگو کریں۔ جماعت کی سجاوٹ کی اشیا چسپاں کرنے کے لیے کہیں۔

۵ء۱ پانی پینے کے طریقے

میری سرگرمی



تصویروں کا مشاہدہ کرا کر ہر تصویر میں دِکھائے ہوئے پانی پینے کے طریقے کے بارے میں پوچھیں۔
طلبہ کو تصویر پہچاننے کے لیے کہیں۔

(ب) آب خواندگی

پانی کا منبع

آجا آجا برکھا رانی
کردے ہر طرف پانی پانی
تالاب ، بند ، کنوؤں میں پانی
ہم سب کی ہے پیاس بجُھانی

میری سرگرمی

تصویر میں کوّا اور مٹکا نظر آ رہے ہیں۔ اس پر ایک کہانی سناؤ۔

تصویر میں دِکھائے ہوئے پانی کے منبع کو پہچاننے کے لیے کہیں۔ تصویر میں موجود جانور پہچاننے کے لیے کہیں۔
انفرادی اور اجتماعی طور پر بڑ بڑ گیت گانے کے لیے کہیں۔

پانی کا استعمال

درج ذیل تصویروں کو دیکھ کر صحیح غلط پہچانو۔

صحیح تصویر کے نیچے ✓ کا نشان بناؤ اور غلط تصویر کے نیچے × کا نشان بناؤ۔

پانی کا استعمال بتانے والی صحیح تصویروں کے نیچے ✓ اور غلط تصویروں کے نیچے × کا نشان بنانے کے لیے کہیں۔

درج بالا تصاویر کی مدد سے پانی کا تحفظ، اہمیت اور پانی کی بچت کے مختلف ذرائع کے تعلق سے طلبہ سے بات چیت کریں۔

(الف) آفات کا حسنِ انتظام

تصویر دیکھو اور پہچانو۔

تصویروں کے ذریعے موسموں کی پہچان کرائیں۔ تصویروں کا معائنہ کرنے کے لیے کہیں۔ بارش، سیلاب، آندھی، بپھرا ہوا سمندر، بجلی، بادلوں سے بھرا آسمان، طلوعِ آفتاب، غروب آفتاب، چاند، چاندنی، مد، جزر، جنگل وغیرہ قدرتی باتوں کے ذریعے قدرت کے مظاہر کی پہچان کرائیں۔ سوال پوچھ کر وضاحت کروائیں۔

تصویروں کو مناسب ترتیب دے کر کہانی بناؤ۔



S2DI6Z

میری سرگرمی



تصویروں کو مناسب ترتیب دو۔ تصویر سے کہانی بناؤ۔

تصویروں کو صحیح ترتیب میں لگوائیں۔ تصویروں کی مدد سے کہانی تیار کرنے کے لیے کہیں۔